لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۶ رجب ۱۳۴۵ھ مطابق ۳۱ جنوری ۱۹۲۷ء	نمبر ۵

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تخفیف اسامیان و اضافہ در محکمہ برقی روشنی	۱و۲
۲	تبادلہ [illegible] حسن خان صاحب	"
۳	[illegible]	۳
۴	[illegible]	"
۵	رخصت [illegible]	"
۶	اضافہ [illegible]	"
۷	[illegible] لال صاحب	"
۸	رخصت منشی [illegible] خان صاحب	"
۹	دربارہ اجرائے [illegible]	"
۱۰	[illegible]	۴
۱۱	[illegible]	"
۱۲	[illegible]	"
۱۳	[illegible]	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقعہ ۱۶ جنوری ۱۹۲۷ء

بتعمیل رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت دربارہ تخفیف چند اسامیان مندرجہ تحت ملازمان برقی روشنی مشاہرہ دار مبلغ ایک سو چالیس روپیہ و اضافہ و تقرر ملازمان مندرجہ ذیل۔

حکم

بموجب رپورٹ ایک سو چالیس روپیہ ماہوار کی تخفیف ملازمان۔ اور ایک سو

چہالیس روپیہ ماہوار کے اضافہ و تقرر جدید منظور ہیں۔ تفصیل درج رپورٹ انجینیر ہے۔ اسکے موافق احکام جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب سکرٹری

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعد عرض — سیر سالار

جناب عالی

رپورٹ انجینیر صاحب برقی مفصل مسلک ہذا ہو کر بوقت منظوری بجٹ جو انتظام جدید بابت صیغہ روشنی برقی کا تجویز کیا گیا تھا۔ وہ منظور ہو گیا تھا لیکن بعد بعض غیر معمولی مصارفات کی زیادتی کیوجہ سے اس تجویز کا عملدرآمد نہیں کیا جا سکا ناہم دفتر بجلی گھر میں انتظام کی اشد ضرورت ہے۔ اور اب تنگی بجٹ پر لحاظ کر کے یہ تجویز ہے کہ فی الحال تین اسامیان مصرحہ رپورٹ تخفیف کر دیجائیں جنسے مبلغ ایک سو چالیس روپیہ ماہوار کی بچت ہوگی۔ اور حسب صراحت رپورٹ ملازمان کو اضافہ دیگر عہدہ ہائے مستندکرہ پر مقرر فرمایا جائے۔ اور ایک جدید اسامی آفس سپرنٹنڈنٹ کی بشاہرہ ایک صد روپیہ ماہوار تا ایکسو پچیس روپیہ ماہوار باضافہ پانچ روپیہ سالانہ منظور فرمائی جائے۔ جو جملہ اہلکاران کے کام اور دفتر کی تمام کارروائی کا ذمہ دار ہوگا۔ اس انتظام میں مبلغ (۔۔۔) ماہوار خرچ ہونگے۔ بعد منہائی بچت تخفیف امسال صرف مبلغ چند روپیہ ماہوار کی بیشی مصارف میں ہوگی۔ جو قابل لحاظ نہیں ہے۔ اور اس صورت میں اسلوبی کار دفتر کی امید ہے۔ بدانست ترقیخواہ تجویز مستندکرہ بالا مناسب ہے۔ لہذا گزارش ہے کہ حکم اقدس و انور سے منظوری صادر فرمائی جاوے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت جاوید باد۔

(حاشیہ پر دستخط و حکم)

رپورٹ انجینیر صاحب برقی روشنی

باجلاس جناب صاحب سکرٹری بہادر صنعت و حرفت گزارش کیا جائے کہ بوقت تیاری بجٹ جو تجویز دفتر بجلی گھر میں ایزدی عملہ کے واسطے کی گئی تھی۔ وہ بوجہ قلت بجٹ ظہور پذیر نہیں ہوئی۔ اگر وہ جملہ انتظامات امسال منظور نہیں ہو سکتے تو دفتر کے لئے کم از کم ایک آفس سپرنٹنڈنٹ کا فوراً مقرر کیا جانا منظور فرما لیا جائے جسکی تنخواہ ایک صد روپیہ سے شروع ہو کر ایک سو پچیس روپیہ تک ہوگی اگر توسیع بجٹ نہ ہو سکے تو مجبوراً فی الحال اس طرح کفایت نکالی جا سکتی ہے کہ

کہ سید منظفر الدین سپرنٹنڈنٹ مشاہرہ دار چالیس روپیہ ماہوار و منشی ظفر احمد سپرنٹنڈنٹ استور مشاہرہ دار ساٹھ روپیہ ماہوار اور بابو رام سروپ ایکاؤنٹنٹ مشاہرہ دار چالیس روپیہ ماہوار کی اسامیان بجلی میں تخفیف کر دیجائیں۔ منشی امیر احمد اسسٹنٹ انجینیر مشاہرہ دار پچاس روپیہ ماہوار کو پندرہ روپیہ اضافہ دیکر پینسٹھ روپیہ ماہوار پر سپرنٹنڈنٹ اسٹور کا کام بھی لیا جائے۔ اور بابو برجباسی لال اسٹور کیپر کو چند روپیہ ماہوار اضافہ دیا جائے۔ چونکہ ان اسامیان کی تخفیف سے دیگر اہلکاران دفتر کے کام میں اضافہ ہو جائیگا۔ اور ظاہر ہے کہ اہلکاران مستندرجہ تحت کو اضافہ دینا لازمی ہے۔ اسلئے بابو پرتاب سہائے کلرک مشاہرہ دار تیس روپیہ ماہوار کو دس روپیہ ماہوار ترقی دیکر چالیس روپیہ ماہوار پر بعہدہ ایکاؤنٹنٹ مقرر کیا جائے۔ بابو چندی پرشاد موجودہ ایکاؤنٹنٹ کو پانچ روپیہ ماہوار اضافہ دیکر اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ مقرر کیا جائے۔ اور منشی اسد اللہ خان کلرک موجودہ تنخواہ میں دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا جائے۔ اس صورت میں مبلغ ایک سو چالیس روپیہ کی تخفیف اور مبلغ ایک سو چھبیس روپیہ کی ایزادی ہوتی ہے۔ جو حقیقت میں قابل لحاظ نہیں ہے کیونکہ اس طریق پر دفتر کے کام میں سہولت پیدا ہو جائیگی۔ زیادہ حد ادب۔ معروضہ ۱۹۱۷ء

دستخط انجینیر صاحب برقی روشنی

تفصیل

تخفیف: تخفیف اسامیان	تنخواہ	تقرر و اضافہ: نام	تنخواہ موجودہ	اضافہ یا تنخواہ مجوزہ	کیفیت
منشی ظفر احمد سپرنٹنڈنٹ استور	[illegible]	منشی امیر احمد اسسٹنٹ انجینیر	[illegible]	[illegible]	سپرنٹنڈنٹ اسٹور کا کام بھی انکے متعلق رہیگا
منشی رام سروپ ایکاؤنٹنٹ	[illegible]	بابو پرتاب سہائے کلرک	[illegible]	[illegible]	بعہدہ ایکاؤنٹنٹ مامور کیا جائے
سید منظفر الدین سپرنٹنڈنٹ	[illegible]	منشی اسد اللہ خان کلرک	[illegible]	[illegible]	
		بابو چندی پرشاد ایکاؤنٹنٹ	[illegible]	[illegible]	بعہدہ اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ مامور کیا جائے
		جدید اسامی آفس سپرنٹنڈنٹ		[illegible]	جملہ اہلکاران کے کام اور دفتر کی کارروائی کا ذمہ دار ہوگا
		بابو برجباسی لال اسٹور کیپر	[illegible]	[illegible]	
		میزان		[illegible]	

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۰ جنوری ۱۹۱۷ء

محمد حسن خان پلیس گارڈ جو کہ فوجی خدمات انجام نہیں دیتے ہیں۔ لہذا انکا تبادلہ صیغہ مال کو سبیل بدل کے کام پر اپنی موجودہ تنخواہ پر کیا جائے۔

حسب حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے جملہ احکام ضابطہ جاری ہوں ۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۲۲ جنوری ۱۹۲۰ء

مثبتہ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر در بارہ منظوری اضافہ مبلغ پانچ پانچ روپیہ ماہوار مولوی افضال الحق مدرس مدرسۂ عالیہ و مولوی تاثیر حسین مدرس ۔

حکم

مولوی افضال الحق اور مولوی تاثیر حسین کی تنخواہوں میں پانچ پانچ روپیہ ماہوار اضافہ بموجب رپورٹ منظور ہے ۔ احکام ضابطہ جاری ہوں ۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۱ جنوری ۱۹۲۰ء

مثبتہ عرضداشت صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر در بارہ اضافہ دس روپیہ ماہوار در تنخواہ سید صدر الدین متولی مدرسہ عالیہ مشاہرہ دار پچیس روپیہ بوجہ حسن انجام خدمات متعلقہ بر بنائے تحریر ڈائرکٹر صاحب مدرسۂ عالیہ و پرنسپل صاحب مدرسۂ عالیہ

حکم

سید صدر الدین متولی مدرسۂ عالیہ کی تنخواہ میں پانچ روپیہ اضافہ منظور ہے ۔ احکام ضابطہ جاری ہوں ۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۲۲ جنوری ۱۹۲۰ء

مثبتہ رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات در بارہ منظوری رخصت پانچ ماہ بابو فاروق حسین سپرنٹنڈنٹ دفتر تعمیرات بوضع تنخواہ از ۱۲ جنوری ۱۹۲۰ء بعوض لطیف احمد خاں بی اے ساکن ایٹہ بمشاہرہ رخصتی از یوم کارگزاری ۔

حکم

بابو فاروق حسین سپرنٹنڈنٹ دفتر تعمیرات کی رخصت پانچ ماہ ۱۲ جنوری ۱۹۲۰ء سے بعوض لطیف احمد خاں منظور ہے ۔ احکام ضابطہ جاری ہوں ۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۲ جنوری ۱۹۲۰ء

مثبتہ رپورٹ صاحب فائنانشل سکریٹری بہادر در بارہ منظوری اضافہ مبلغ پانچ روپیہ ماہوار منشی احسان باقی ناظر سررشتہ آڈٹ بلحاظ حسن انجام دہی کام و دیرینہ ملازمت ۔

حکم

احسان باقی ناظر سررشتہ آڈٹ کی موجودہ تنخواہ میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے ۔ احکام جاری ہوں ۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۳ جنوری ۱۹۲۰ء

مثبتہ رپورٹ صاحب فائنانشل سکریٹری بہادر در بارہ منظوری اضافہ منشی شیام سندر لال نائب ابوالصدر بلحاظ محنت و ملازمت دیرینہ ۔

حکم

منشی شیام سندر لال نائب ابوالصدر کی تنخواہ موجودہ میں دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے ۔ احکام ضابطہ جاری ہوں ۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۲۰ جنوری ۱۹۲۰ء

مثبتہ عرضداشت صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر در بارہ منظوری رخصت مزید یک ماہ منشی محمد شیر زمان خاں صاحب ڈسٹرکٹ و سشن جج ماہ فروری ۱۹۲۰ء بسلسلہ انتظام سابقہ بوجہ عدم صحت ۔

حکم

بموجب رپورٹ منشی محمد شیر زمان خاں ڈسٹرکٹ و سشن جج کی رخصت مزید یک ماہ بسلسلہ انتظام سابقہ منظور ہے ۔ احکام ضابطہ جاری ہوں ۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
مورخہ ۱۶ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

جو مستاجران کہ درخواست قسطبندی مطالبہ اجلاس ہذا یا اجلاس حاکم صاحب صدر میں دیدیتے ہیں۔ ایسی درخواستیں مہینوں دوران میں رہتی ہیں لیکن ایسے مستاجران سے جو درخواستہائے قسطبندی مطالبہ دیدیتے ہیں تحصیلداران نے تاکیدی کوشش وصول مطالبہ بوجہ دیدینے درخواست قسطبندی نہیں کیجاتی ہے یہ عمل بقاعدہ ہے جبتک کہ ایسی درخواستہائے پر کوئی حکم قسطبندی مطالبہ نہ ہو جائے محض درخواست دیدینے پر سبیل کی کارروائی روکنے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ لہذا جبتک کہ ایسی درخواستہائے پر حکم منظوری تحصیلداران کے پاس نہ پہنچے اُسوقت تک مطالبہ کی سبیل کی تاکیدی کوشش بلا تعطیل برابر ہوتی رہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقول روبکار ہذا برائے تعمیل جملہ تحصیلداران کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل بخدمت حاکم صاحب صدر مرسل ہو۔ ایک نقل فائل بک اجلاس میں چسپان ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ایک نقل پاس رسالدار صدر مرسل ہو۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
اضافہ
۱۷ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

مثل تحریر افسر صاحب نوآبادی دربارہ منظوری اضافہ مبلغ پانچروپیہ ماہوار مسمے لہری چپراسی اجلاس صاحب اسسٹنٹ نوآبادی مشاہرہ دار دس روپیہ بلحاظ کام۔

حکم

ان کاغذات سے یہ نہیں معلوم ہوتا۔ اس مد پر کسقدر کام ہے۔ لہذا افسر صاحب نوآبادی کو روزانہ کے کام کی جانچ کرکے لکھنا چاہیئے کہ کسقدر روزانہ کام کرنا ہوتا ہے۔ سردست دو روپیہ ماہانہ اضافہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
اضافہ
۲۲ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

مثل یادداشت صاحب اسپیشل مجسٹریٹ درجہ دوم معرفت صاحب چیف مجسٹریٹ بہادر ضلع دربارہ اضافہ تنخواہ محمد انور حسین اہلمد عدالت اسپیشل مجسٹریٹی درجہ دوم بوجہ حسن انجام خدمات متعلقہ

حکم

شیخ انور حسین اہلمد متعینہ عدالت اسپیشل مجسٹریٹی درجہ دوم کی تنخواہ میں دو روپیہ ماہوار بلحاظ سفارش مجسٹریٹ متعلق اضافہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

معافی
۲۳ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ ڈپٹی انسپکٹر صاحب مدارس گوبند پرشاد انگلش ٹیچر مدرسہ گھیر فرخ شاہ کی غیر حاضری نو روز از ۲۵ دسمبر سنہ ۱۹۲۵ء لغایت ۲ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء معاف کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

منسوخی رخصت
۲۳ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

منشی احمد حسین اہلمد انسپکٹری مدارس کو تین ماہ کی رخصت بعوض مسعود احمد دی گئی تھی۔ جس سے منشی احمد حسین نے ابھی استفادہ نہیں کیا۔ اب منشی احمد حسین منسوخی رخصت کی درخواست کرتے ہین۔ لہذا منشی احمد حسین کی رخصت منسوخ کی گئی۔ بنابران

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور منِ ابتداء ۲۴ لغایت ۳۰ جنوری

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	بلاک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۵۰ ۱ار		۵۰ ۱ار	۶ ۱ار	۶ ۱ار	۵۰ ۱ار	
نخود خالص	۶۰ ۱ار		۷ ۱ار	۷۰ ۱ار	۷ ۱ار	۷ ۱ار	
نخود شکستہ آمیز	۷ ۱ار		۷۰ ۱ار	۷۰ ۱ار	۰	۶۰ ۱ار	
کستر	۷۰ ۱ار		۷۰ ۱ار	۸ ۱ار	۰	۷۰ ۱ار	
ماش	۵۰ ۱ار		۶ ۱ار	۰	۵۰ ۱ار	۵ ۱ار	
مونگ	۴۰ ۱ار		۵۰ ۱ار	۰	۰	۵ ۱ار	
مکا	۷۰ ۱ار		۸ ۱ار	۸ ۱ار	۸۰ ۱ار	۸ ۱ار	
جئی	۷۰ ۱ار		۹ ۱ار	۱۰۰ ۱ار	۰	۱۰ ۱ار	
گوجی	۰	۰	۰	۰	۰	۷ ۱ار	
عدس	۶ ۱ار		۶ ۱ار	۰	۰	۶ ۱ار	
ارہر	۵۰ ۱ار		۵۰ ۱ار	۰	۰	۸ ۱ار	
برنج	۵ ۱ار		۵ ۱ار	۰	۵۰ ۱ار	۶ ۱ار	
روغن زرد	۷۰ چھٹانک		۷۰ چھٹانک	۰ ۱ار	۰ ۱ار	۰ ۱ار	
روغن سیاہ	۱۰ ۱ار		۱۰ ۱ار	۱ ۱ار	۱۰ ۱ار	۱۰ ۱ار	
روغن کنجد	۱۱ ۱ار		۱ ۱ار	۱۱ ۱ار	۱۱ ۱ار	۱۱ ۱ار	
نمک سانبھر	۱۲ ۱ار		۱۲ ۱ار	۱۱ ۱ار	۱۲ ۱ار	۱۲ ۱ار	
نمک لاہوری	۶ ۱ار		۶ ۱ار	۰	۰	۸ ۱ار	
قند سیاہ	۶۰ ۱ار		۵۰ ۱ار	۶ ۱ار	۰	۶ ۱ار	
باجرہ	۷ ۱ار		۰ ۱ار	۰	۷ ۱ار	۰	

مہر کاری پبلسٹی رامپور